## الطاف حسین اور اعجاز الحق کے درمیان ٹیلی فون پر رابطہ

## ملک کو درپیش اندرونی اور بیرونی خطرات سے نمٹنے کیلئے گول میز کانفرنس کے انعقاد پر اتفاق

## کرپشن کی لعنت پاکستان کو دیمک کی طرح کھوکھلا کر رہی ہے، الطاف حسین

## کیری لوگر بل، این آر او اور RGST کے مسئلہ پر ایم کیو ایم کے اصولی مؤقف کو ملک بھر میں سراہا جا رہا ہے، اعجاز الحق

لندن۔۔۔19، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اور مسلم لیگ (ضیاء الحق گروپ) کے سربراہ اعجاز الحق کے درمیان ٹیلی فون پر رابطہ ہوا جس میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، پاکستان کو درپیش چیلنجز، عوامی مسائل اور دیگر امور پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ دونوں رہنماؤں نے گفتگو کے دوران طے کیا کہ ملک کو درپیش اندرونی اور بیرونی خطرات سے نمٹنے کیلئے ٹھوس لائحہ عمل مرتب کیا جائے اور اس سلسلے میں تمام محبّ وطن جماعتوں کی گول میز کانفرنس کا انعقاد کیا جائے جو حسب سابق گفتن، نشستن اور برخاستن کے مصداق نہ ہو بلکہ سب حتمی لائحہ عمل اختیار کریں اور اس پر عمل بھی کریں۔ جناب الطاف حسین نے اعجاز الحق سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک بھر کے عوام غربت، مہنگائی اور بے روزگاری کی وجہ سے شدید مشکلات کا شکار ہیں، سیلاب سے متاثرہ لاکھوں خاندان آج بھی کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں اور کرپشن کی لعنت پاکستان کو دیمک کی طرح کھوکھلا کر رہی ہے جبکہ غیر ملکی امداد کے لئے قومی سلامتی اور خودمختاری گروی رکھی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وقت آ گیا ہے کہ محبّ وطن سیاسی قوتوں کو فیصلہ کرنا چاہئے کہ وہ آیا ملک وقوم کو دوسروں کے رحم وکرم دیکھنا چاہتے ہیں یا غیرت مند قوم کی طرح پاکستان کو اس کے پیروں پر کھڑا کر کے بھیک اور امداد کی لعنت سے نجات دلانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ محبّ وطن سیاسی قوتوں کو ملک وقوم کی بقاء وسلامتی کی خاطر اپنے سیاسی مفادات کو بالائے طاق رکھ کر نہ صرف اتحاد ویکجہتی کا مظاہرہ کرنا چاہئے بلکہ قومی دولت کی لوٹ کھسوٹ اور کرپشن جیسے معاملات میں زیرو ٹولورنس (Zero Tolorance) کے نقطہ پر متحد ہونا چاہئے اور طے کرنا چاہئے کہ قومی دولت لوٹنے والوں کو ایسی سزا دی جائے کہ آئندہ کوئی قومی خزانہ پر ڈاکہ ڈالنے کا تصور نہ کر سکے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیو ایم، ماضی میں بھی قید وبند اور ظلم وستم کا ہمت وبہادری سے سامنا کرتی رہی ہے اور قومی غیرت وحمیت،، خودمختاری اور عوام کے بنیادی مسائل کے حل کی جدوجہد کی پاداش میں ہم آئندہ بھی بڑی سے بڑی قربانی دینے کیلئے تیار ہیں۔ اعجاز الحق نے جناب الطاف حسین کی باتوں سے اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم غریب ومتوسط طبقہ کی نمائندہ جماعت ہے اور عوامی مسائل پر ایم کیو ایم کے اصولی مؤقف کو ملک بھر کے عوام میں زبردست پذیرائی مل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیری لوگر بل، این آر او اور ریفارمڈ جنرل سیلز ٹیکس کے مسئلہ پر ایم کیو ایم کے اصولی مؤقف کو ملک بھر میں سراہا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام میں شعوری بیداری پھیل رہی ہے اور ملک بھر کے عوام جان چکے ہیں کہ دونوں بڑی جماعتیں ان کے مسائل کے حل کیلئے قطعی مخلص نہیں ہیں اور عوام تیسرے آپشن پر سنجیدگی سے غور کر رہے ہیں۔ اگر حزب اختلاف اور اپوزیشن جماعتوں نے اپنا طرز عمل تبدیل نہ کیا تو ملک بھر کے عوام اپنے ووٹ کی طاقت سے انہیں ہمیشہ کیلئے مسترد کر دیں گے۔

## الطاف حسین اور شیخ رشید احمد کے درمیان ٹیلی فون پر رابطہ

## غیر ملکی خیرات، امداد اور ملک کے داخلی معاملات میں ڈکٹیشن کے باعث پاکستان کی خودمختاری داؤ پر ہے، الطاف حسین

## محبّ وطن سیاسی قوتوں کو پاکستان کی سلامتی، بقاء اور خودمختاری کیلئے اتحاد ویکجہتی کا مظاہرہ کرنا چاہئے، الطاف حسین

## سیاسی جماعتیں سیاسی مفادات کے بجائے ملک وقوم کے مفادات کو مدنظر رکھ کر جرات مندانہ فیصلے کریں، شیخ رشید

لندن۔۔۔19، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اور عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد کے درمیان ٹیلی فون پر گفتگو ہوئی جس میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، عوام کو درپیش مسائل اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گفتگو میں دونوں رہنماؤں نے اس امر پر اتفاق کیا کہ ملک سنگین بحرانوں کا شکار ہے، ہر شعبہ میں کرپشن اور مہنگائی کے باعث ملک بھر کے عوام کی زندگی اجیرن بن چکی ہے اور ملک وقوم کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے محبّ وطن سیاسی قوتوں کو اتحاد کا مظاہرہ کرنا چاہئے۔ جناب الطاف حسین نے شیخ رشید احمد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ غیر ملکی خیرات، امداد اور ملک کے داخلی معاملات میں ڈکٹیشن کے باعث پاکستان کی آزادی اور خودمختاری داؤ پر لگا دی گئی ہے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ہمیں غیرت مند قوموں کی طرح جاگنا چاہئے اور محبّ وطن سیاسی قوتوں کو پاکستان کی سلامتی، بقاء اور خودمختاری کیلئے اتحاد ویکجہتی کا مظاہرہ کرنا چاہئے تاکہ ملک بھر کے عوام میں

ثابت کیا جاسکے کہ ہم آزاد، خودمختار اور غیرت مند قوم ہیں۔ شیخ رشید نے جناب الطاف حسین کے خیالات سے اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ حکومتی اقدامات کے باعث غریب عوام کا جینا دوبھر ہو چکا ہے، کرپشن اپنے عروج پر ہے اور ملک کی سلامتی و بقاء کو سنگین خطرات لاحق ہیں لہٰذا تمام سیاسی جماعتوں کا فرض ہے کہ وہ سیاسی مفادات کے بجائے ملک وقوم کے مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے جرات مندانہ فیصلے کریں۔ دونوں رہنماؤں نے مستقبل میں رابطے جاری رکھنے اور مل جل کر کام کرنے پر بھی اتفاق کیا۔

## ایم کیوایم نے 25 دسمبر ہفتہ کو بھٹ شاہ کے ملاکھڑا اسٹیڈیم میں عظیم الشان جلسہ عام کرنے کا اعلان کردیا

## جلسہ عام میں سندھ دھرتی کو تقسیم کرکے مستقل باشندوں کو آپس میں لڑانے کی گھناؤنی سازش کو ناکام بنانے کیلئے حقائق سے سندھ دھرتی کے عوام کو آگاہ کیا جائے گا ، اشفاق منگی

## سندھ دھرتی کے دانشور، قلم کار، صحافی، اساتذہ، طلباء وطالبات، مائیں، بہنیں، محنت کش، ہاری، کسان اور زندگی کے تمام شعبوں کے افراد جلسہ عام میں بھرپور شرکت کریں ایم کیوایم حیدرآباد زون میں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب

بھٹ شاہ۔۔۔19، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے اعلان کیا ہے کہ مورخہ 25 دسمبر 2010ء بروز ہفتہ کو متحدہ قومی موومنٹ کے تحت ملاکھڑا اسٹیڈیم بھٹ شاہ میں عظیم الشان جلسہ عام ہوگا جس میں سندھ دھرتی کو تقسیم کرنے اور سندھ کے مستقل باشندوں کو آپس میں لڑانے کی سازش کو ناکام بنانے کیلئے ایم کیوایم سندھ دھرتی کے عوام کو حقائق سے آگاہ کرے گی تاکہ سندھ دشمن عناصر کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا جاسکے۔ یہ اعلان انہوں نے اتوار کے روز ایم کیوایم حیدرآباد زون میں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی اور اراکین بھی موجود تھے۔ اشفاق منگی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے جو فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کے خلاف عملی جدوجہد کررہی ہے اور عوام میں شعوری بیداری کیلئے ہرممکن کردار ادا کررہی ہے یہ ایم کیوایم کے پیغام کی سچائی اور عوام کے اعتماد کی دلیل ہے کہ آج ایم کیوایم کا حق پرستانہ پیغام ملک کے گوشے گوشے میں پھیل رہا ہے، پاکستان کی تمام قومیتوں بشمول مکاتب فکر اور مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد جوق در جوق ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں اور وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کو اپنا نجات دہندہ تسلیم کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اللہ تعالی کی ذات سے پوری امید ہے کہ انشاءاللہ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کا یہ اعتماد پاکستان کی بقاء سلامتی، ترقی وخوشحالی اور عوام کی فلاح وبہبود کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگا اور ملک سے ظلم وستم، جبر واستبداد، قومی دولت کی لوٹ مار اور کمیشن کی سیاست کا خاتمہ ضرور ہوگا۔ اشفاق منگی نے کہا کہ صوبہ سندھ، صوفیوں کی دھرتی ہے اور صوفیائے کرام نے ہمیشہ مذہبی رواداری، احترام انسانیت، فرقہ وارانہ ہم آہنگی، امن وآشتی اور بھائی چارے کا درس دیا ہے، ایم کیوایم، قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں صوفیائے کرام کے پیغام امن اور ان کی تعلیمات کے فروغ کیلئے اپنا ہرممکن کردار ادا کرتی رہی ہے، ظلم کا شکار مظلوم طبقہ کے حقوق کیلئے ہرسطح پر آواز بلند کرتی رہی ہے اور انشاءاللہ تمام تر مصائب ومشکلات کے باوجود دکھی انسانیت کی خدمت اور ظلم وناانصافی کے خلاف عوام میں شعوری بیداری پھیلانے کا یہ سلسلہ جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کی جدوجہد کے ساتھ ساتھ سندھ دھرتی کے مستقل باشندوں کے درمیان اتحاد ویکجہتی اور بھائی چارے کیلئے بھی عملی کوششیں کرتی رہی ہے اور یہ ایم کیوایم کی کاوشوں کا نتیجہ ہے کہ آج سندھ کے مستقل باشندوں کے درمیان غلط فہمیوں کا خاتمہ ہورہا ہے اور سندھ دھرتی میں بسنے والے عوام آپس میں بھائیوں کی طرح رہ رہے ہیں لیکن ماضی کی طرح ایک مرتبہ پھر سندھ دشمن اور عوام دشمن عناصر کی جانب سے یہ کوشش کی جارہی ہے کہ سندھ کے مستقل باشندوں میں غلط فہمیاں اور نفرتیں پیدا کرکے انہیں آپس میں لڑانے کا گھناؤنا عمل کیا جائے، سندھ دشمن اور عوام دشمن عناصر کو سندھ کے مستقل باشندوں کے درمیان اتحاد ومحبت، یگانگت اور بھائی چارے کی فضاء ایک آنکھ نہیں بھارہی ہے اور وہ آج بھی سندھ کے مستقل باشندوں کو آپس میں لڑانے کیلئے سازشوں کے تانے بانے بن رہے ہیں تاکہ سندھ دھرتی میں امن وامان کی صورتحال تباہ کرکے لسانیت کو فروغ دیا جاسکے اور سندھ دھرتی کو تقسیم کرنے کی گھناؤنی سازش کو عملی جامہ پہنایا جاسکے۔ انہوں نے واشگاف الفاظ میں واضح کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم سندھ دھرتی اور اس کے عوام کو آپس میں لڑانے کی ہر سازش کے خلاف سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوگی اور ہم کسی بھی قیمت پر سندھ کو تقسیم کرنے کی گھناؤنی سازش کو ہرگز کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ اشفاق منگی نے سندھ دھرتی کے دانشوروں، قلم کاروں، صحافیوں، اساتذہ، طلباء وطالبات، ماؤں، بہنوں، محنت کشوں اور ہاری کسانوں سمیت زندگی کے تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد سے اپیل کی کہ وہ مورخہ 25 دسمبر 2010 بروز ہفتہ کو ملاکھڑا اسٹیڈیم، بھٹ شاہ میں ایم کیوایم کے جلسہ عام میں بھرپور شرکت کریں اور اپنے اتحاد سے پوری دنیا پر واضح کردیں کہ سندھ کے حق پرست عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ماضی کی طرح آج بھی متحد اور منظم ہیں۔

## درگاہ حضرت شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ کے گدی نشین سید نثار حسین شاہ کے چھوٹے بھائی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔19، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے درگاہ حضرت شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ کے گدی نشین سید نثار حسین شاہ کے چھوٹے بھائی سید اظہر حسین شاہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے سوگوار لواحقین سے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین)

## ملک وقوم کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرنا ہے تو الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو اپنانا ہوگا، شاہد لطیف، گلفراز خان خٹک راولپنڈی، اسلام آباد میں مقیم کشمیری مہاجرین کی جانب سے دی گئی استقبالیہ تقریب سے کشمیر ہاؤس میں خطاب

اسلام آباد۔۔۔19 دسمبر 2010ء

رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ کے رکن شاہد لطیف نے کہا ہے کہ ملک وقوم کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرنا ہے تو جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو اپنانا ہوگا اور حق پرستانہ جدوجہد میں عملی طور پر شامل ہوکر ملک وقوم کی تقدیر بدلنے کیلئے اب عملی کردار ادا کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے راولپنڈی، اسلام آباد میں مقیم کشمیری مہاجرین کی جانب سے دی گئی استقبالیہ تقریب سے کشمیر ہاؤس اسلام آباد میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن گلفراز خٹک، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج اسلم آفریدی، رکن محمد رفیق، انچارج راولپنڈی زون زاہد ملک اور دیگر بھی موجود تھے۔ شاہد لطیف نے کہا کہ بدقسمتی سے ملک بھر کے مظلوم عوام 2 فیصد استحصالی طبقے سے تعلق رکھنے والوں کو اپنے انتہائی قیمتی ووٹ کے ذریعے ایوانوں تک پہنچا دیتے ہیں جہاں وہ 98 فیصد غریب اور پسے ہوئے مظلوم عوام کا نہیں بلکہ 2 فیصد اور اپنے جیسے وڈیروں اور جاگیرداروں کیلئے پالیسیاں بناتے ہیں اور ایسا سسٹم تشکیل دے دیتے ہیں لیکن اگر قائد تحریک الطاف حسین 1986ء سے غریب طبقے کی آواز بلند کررہے ہیں۔ رکن رابطہ کمیٹی گلفراز خٹک نے کہا کہ ایم کیو ایم حق پرستی کا نام ہے، کسی بھی قومیت سے تعلق رکھنے والا ہوا گروہ وڈیرہ ازم یا جاگیردارانہ ازم کا حامی ہے تو وہ 98 فیصد غریب عوام کا نمائندہ نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ووٹوں کے ذریعے انقلاب لانا ہے، کراچی میں رہائش پذیر کشمریوں کے مسائل کے حل کیلئے ایم کیو ایم کے مرکز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایک کمیٹی پہلے ہی کام کررہی ہے۔ محمد طاہر کھوکھر نے کہا کہ کسی سیاسی جماعت کو توفیق نہیں ہوئی ہے کہ وہ کشمیریوں کی فلاح وبہبود کے لیے اسمبلی کے اندر اور باہر آواز بلند کرے جبکہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر سیاحت کو آزاد کشمیر میں فروغ دیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں مہاجرین کی سیٹیں ختم کرنے کی سازش کی جارہی ہے اگر مہاجرین کے حقوق پر ڈاکہ ڈالا گیا تو ایم کیو ایم اپنا کردار ادا کرتے ہوئے اسے روکے گی۔ 22 لاکھ کشمیریوں کے حقوق کی پہلے بھی حفاظت کی آئندہ بھی کرینگے۔ تقریب سے صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اسلم آفریدی اور دیگر نے بھی خطاب کیا اور کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے باصلاحیت قیادت نکالی ہے۔

## ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔19، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے جوائنٹ سیکٹر انچارج محمد ارشد قریشی کی ہمشیرہ محترمہ ریحانہ، ایم کیو ایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 109 کی ورکنگ کمیٹی کے رکن غلام مصطفیٰ کے والد مشتاق احمد قریشی، ایم کیو ایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ A-133 کے کارکن زبیر حسین کی والدہ محترمہ برکت النساء، ایم کیو ایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر یونٹ 3 کے کارکن نعیم داد کے والد میر داد اور ایم کیو ایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ A-103 کے کارن محمد شاہ رخ نجم کے والد محمد نجم الحسن کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## شہداد پور میں زمیندار کے شرابی بیٹے کی دوشیزہ سے اجتماعی زیادتی اور پولیس کی جانب سے رشوت کے عیوض اجتماعی زیادی کے ملزم کی رہائی کا نوٹس لیا جائے ،اشفاق منگی، یوسف شاہوانی

کراچی۔۔۔19، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اشفاق منگی اور یوسف شاہوانی نے شہداد پور میں زمیندار کے شرابی بیٹے کی گن پوائنٹ پر دوشیزہ سے اجتماعی زیادتی اور پولیس کی جانب سے بھاری رشوت کے عیوض ملزم کو حراست میں لینے کے بعد رہا کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دوشیزہ سے زیادتی اور ملزم کی رہائی کے عمل کو آئین وقانون کا کھلا مذاق اڑانے کے مترادف قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ، زمیندارانہ اور سرمایہ دارانہ نظام سے وابستہ بااثر افراد کی جانب سے شرمناک واقعات میں ملوث ہونے کے باوجود ان کا آئین وقانون کی گرفت سے محفوظ رہنا ملک بھر کے محبّ وطن عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور زمیندارانہ نظام سے وابستہ بااثر افراد کی جانب سے شرمناک واقعات تواتر کے ساتھ رونما ہورہے ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو آئین وقانون سے ماورا تصور کررہے ہیں، اگر ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے اور ایسے سفاک عناصر کو قرار واقعی سزائیں دی جائیں تو خواتین کی عزتوں کو تحفظ فراہم کیا جاسکتا ہے۔اشفاق منگی اور یوسف شاہوانی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ شہداد پور میں دوشیزہ سے زیادتی کے ملزمان کو فی الفور حراست میں لیا جائے، زیادتی کے ملزم کو رشوت کے عیوض رہا کرنے والے پولیس اہلکاروں کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی جائے اور ملزمان کو قرار واقعی سزا دی جائے۔

## سید اظہر حسین شاہ کی تدفین میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی اکرم عادل اور ایم کیوایم حیدرآباد زون کے انچارج وارا کین کی شرکت

بھٹ شاہ۔۔۔19، دسمبر 2010ء

درگاہ حضرت شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ کے گدی نشین سید نثار حسین شاہ کے چھوٹے بھائی سید اظہر حسین شاہ مرحوم کو درگاہ کے احاطہ میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم حیدرآباد زون کے انچارج واراکین ،حق پرست رکن سندھ اسمبلی اکرم عادل ،ایم کیوایم کے کارکنان ، ہمدردوں ،عقیدت مندوں اور مرحوم کے عزیز وا قارب نے شرکت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم حیدرآباد زون کے انچارج واراکین اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی اکرم عادل نے سید اظہر حسین شاہ کے انتقال پر مرحوم کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کا تعزیتی پیغام پہنچایا اور مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم الیکشن سیل اور لٹریچر کمیٹی کے اراکین کی والدہ محترمہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت محترمہ نبی بیگم مرحومہ اور محترمہ شمیم طاہرہ مرحومہ کو سپرد خاک کردیا گیا،نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی، حق پرست وزیر، ارکان اسمبلی اور شعبہ جات کے اراکین کی شرکت

کراچی۔۔۔19، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم الیکشن سیل کے رکن معین کی والدہ محترمہ نبی بیگم اور ایم کیوایم لٹریچر کمیٹی کے رکن آصف سلیمان کی والدہ محترمہ شمیم طاہرہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔دریں اثناء ایم کیوایم الیکشن سیل کے رکن معین کی والدہ محترمہ نبی بیگم مرحومہ کو عیسیٰ نگری کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحومہ کی نماز جنازہ جامع مسجد بزرٹا لائن میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ ،حق پرست صوبائی وزیر خالد ولایت ،حق پرست رکن سندھ اسمبلی مقیم عالم ،ایم کیوایم الیکشن سیل کے اراکین ، بزرٹا لائن یونٹ کے کارکنان ، ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز وا قارب نے شرکت کی۔ علاوہ ازیں ایم کیوایم لٹریچر کمیٹی کے رکن آصف سلیمان کی والدہ محترمہ شمیم طاہرہ کو سخی حسن کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحومہ کی نماز جنازہ ایسٹرن پرائڈ بلاک 15 گلستان جوہر میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست ارکان سندھ اسمبلی مزمل قریشی ، ندیم مقبول ، ایم کیوایم لٹریچر کمیٹی کے اراکین ، گلستان جوہر سیکٹر کمیٹی کے ارکان ، یونٹوں کے ذمہ داران ، کارکنان ، ہمدروں اور مرحومہ کے عزیز وا قارب نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆